14043 ـ خاوند نے لاعلمی میں دوران حیض جماع کر لیا

سوال

میرے خاوند نے حالت حیض میں میرے ساتھ جماع کر لیا بعد میں نے اسے بتایا کہ حیض شروع ہو چکا تھا، میرے خاوند کو توبہ کرنے کے لیے کیا کرنا ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر خاوند لاعلمی میں بیوی سے حالت حیض میں جماع کر لے تو اس پر کچھ گناہ نہیں.

حدیث میں وارد ہے کہ ابو ذر غفاری رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" اللہ تعالی نے میری امت سے خطا و بھول چوك اور جس پر انہیں مجبور کر دیا جائے معاف کر دیا ہے "

سنن ابن ماجہ کتاب الطلاق حدیث نمبر (2033) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (1662) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

لیکن عورت کو چاہیے کہ وہ خاوند کو اپنی حالت کے متعلق ضرور بتائے کہ اسے حیض آیا ہوا ہے، کیونکہ ہو سکتا ہے خاوند کو اس کا علم نہ ہو اور وہ لا علمی میں بیوی سے جماع کر بیٹھے جو کہ شرعا حرام ہے، تو اس طرح بیوی پر گناہ ہوگا.

اور پھر حیض کا خون عورتوں کے معروف ہے جب وہ خون آئے عورت حائضہ شمار ہوگی، اور اگر خاوند اور بیوی دونوں ہی کی لاعلمی میں وہ کچھ ہو جائے تو ہوا ہے تو دونوں ہی گنہگار نہیں ہونگے، کیونکہ وہ لا علم تھی اور انہوں نے عمدا ایسا عمل نہیں کیا.

واللہ اعلم .